| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
June 2004

**URDU** **3646/LH**
**Listening Test**
**Higher Tier**

H

Wednesday 26 May 2004 1.30 pm to 2.15 pm approximately
(including reading time)

**No additional materials are required.**

Time allowed: 40 minutes approximately
+ five minutes reading time before the test.

**Instructions to candidates**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Before the tape is started, you will be allowed **five** minutes during which you may read through the questions. You may make notes in this time.
- **Do not open this book until you are told to do so.**

This is what you should do for each item.
- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**

**Information for candidates**
- Mark allocations are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is **40**.
- You are **not** allowed to use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 | | | |
| 8 / 9 | | | |
| 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 | | | |
| 14 / 15 | | | |
| 16 / 17 | | | |
| 18 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

# حصّہ (الف)

## سوالات اور جوابات اردو میں

1 سوال نمبرا: بِلال اپنے گھر والوں کا تعارف کروا رہا ہے۔

بِلال نے کن تین لوگوں سے ملوایا؟

صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

(i)

| | |
|---|---|
| A | ابّو کے والد |
| B | ابّو کے بڑے بھائی |
| C | امّی کے بھائی |
| D | امّی کے والد |

*(1 mark)* ☐

(ii)

| | |
|---|---|
| A | بہن کے شوہر |
| B | خالہ کے شوہر |
| C | پھوپھی کے شوہر |
| D | تائی کے شوہر |

*(1 mark)* ☐

(iii)

| | |
|---|---|
| A | بہن کی بیٹی |
| B | خالہ کی بیٹی |
| C | بھائی کی بیٹی |
| D | چچا کی بیٹی |


*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**


2 سوال نمبر ۲: شاہدہ کراچی کے ریلوے اسٹیشن پر ہیں۔

(i) شاہدہ نے کون سے ٹکٹ مانگے؟

**A**





**B**




**C**




**D**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

(ii) شاہدہ کس دن جائے گی؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| اِتوار | پِیر | جمعرات | سنیچر |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

2

3 سوال نمبر ۳: آپ ہوائی اڈّے پر یہ اعلان سُنتے ہیں۔

(i) ہوائی جہاز دیر سے کیوں جائے گا؟

| | |
|---|---|
| جہاز میں خرابی | A |
| موسم اچھّا نہیں | B |
| جہاز کی مرمّت | C |
| مسافر کا انتظار | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ (1 mark)

(ii) جہاز اب کتنے بجے جائے گا؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
| 8:15 | 8:45 | 7:30 | 7:45 |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ (1 mark)

LEAVE
MARGIN
BLANK



(iii) مسافروں کو کہاں بیٹھنا چاہیئے؟

| | |
|---|---|
| A | کیفے میں |
| B | بالکنی میں |
| C | ریسٹورنٹ میں |
| D | انتظار گاہ میں |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)* ☐


**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3


**سوال نمبر ۴: آپ کے ساتھی بتا رہے ہیں کہ وہ کیا کرتے ہیں۔** **4**

بتائیں یہ لوگ کیا کرتے ہیں؟

**A**



**B**



**C**




**D**




**E**



**F**



**G**



**H**



صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| مثال: | بانو | **F** |
|---|---|---|
| **(i)** | منصور | |
| **(ii)** | عامرہ | |
| **(iii)** | وحید | |
| **(iv)** | روحی | |

*(4 marks)*

5 **سوال نمبر ۵: امّی آپ کو یہ بتا رہی ہیں۔**

(i) کون سی خوش خبری کا ذکر ہو رہا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | منگنی کا |
| B | شادی کا |
| C | سال گرہ کا |
| D | پاس ہونے کا |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

(ii) ھناء کے دوستوں کے علاوہ اور کون آیا تھا؟

| | |
|---|---|
| A | پڑوسی |
| B | رشتہ دار |
| C | استاد اور استانیاں |
| D | سسرال والے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

/6

Turn over ▶

6 سوال نمبر ٦: آپ ایک ڈیپارٹمنٹل اسٹور میں ہیں اور یہ اعلان سُنتے ہیں۔

(i) آپ سے کیا کرنے کو کہا گیا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | چیزوں کو ہاتھ مت لگائیں |
| B | بچّوں کا خیال رکھیں |
| C | سگریٹ نہ پیئیں |
| D | کوڑا نہ پھینکیں |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

(ii) دوسرے اعلان میں کیا کہا گیا؟

| | |
|---|---|
| A | کتابیں دیں |
| B | کپڑے دیں |
| C | کھلونے دیں |
| D | پیسے دیں |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

7 سوال نمبر ۷: آپ ریڈیو پر یہ خبریں سُنتے ہیں۔

زلزلے کی وجہ سے کس قسم کا نقصان ہوا؟

| | |
|---|---|
| تعلیمی | A |
| جانی و مالی | B |
| تہذیبی | C |
| تجارتی | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark) ☐

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

سوال نمبر ۸:

**8**

(i) دوسری خاص خبر کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | عید کا دن |
| B | یومِ آزادی |
| C | علّامہ اقبال ڈے |
| D | صفائی کا دن |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)*

(ii) بچّوں نے کون سے گانے گائے؟

| | |
|---|---|
| A | فلمی |
| B | غزلیں |
| C | قومی نغمے |
| D | نظمیں |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)*

9

سوال نمبر ۹: تیسری خاص خبر کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | شدید بارش |
| B | شدید گرمی |
| C | سیلاب |
| D | پانی کی کمی |




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

10 سوال نمبر ۱۰: آپ کی سہیلی اپنی چھٹیوں کے بارے میں بتا رہی ہے۔

(i) کراچی کیسا شہر ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

(ii) لوگ یہاں کیوں آتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| تفریح کرنے | A |
| نوکری کرنے | B |
| دوستوں سے ملنے | C |
| تعلیم حاصل کرنے | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

(1 mark)

(iii) کراچی کا موسم کیسا رہتا ہے؟

| | |
|---|---|
| بہت گرم | A |
| بہت سرد | B |
| بہت خشک | C |
| نہ ٹھنڈا نہ گرم | D |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

11 سوال نمبر ۱۱: آپ کے ساتھی اسکول کے مضامین کے بارے میں بتا رہے ہیں۔

نیچے دی ہوئی ٹیبل میں مضمون کا نام اور دو تفصیلات اردو میں لکھیں۔

| | نام | مضمون | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| مثال | ماجد | آرٹ | 1 آسان<br>2 استاد پسند ہے |
| پہلا حصّہ | ہُما | .......................... | 1 ..........<br>2 .......... |
| دوسرا حصّہ | معراج | .......................... | 1 ..........<br>2 .......... |

*(6 marks)*

12 سوال نمبر ۱۲: آپ ایک دکان میں ہیں اور دکاندار آپ سے یہ کہتا ہے۔

اگر رسید گُم ہو جائے تو کیا ہو گا؟

..........................................................................................

..........................................................................................

*(2 marks)*

13 سوال نمبر ۱۳: شمیلہ آپ کو اپنے سفر کے بارے میں بتا رہی ہیں۔

سفر کا مزہ کب آتا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | اچھّا نظارہ |
| B | اچھّا موسم |
| C | اچھّی نشست |
| D | اچھّا ہم سفر |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

*(1 mark)* ☐

LEAVE MARGIN BLANK

**SECTION B**

Questions and answers in **English.**

**14** You are listening to a conversation between Javed and his Auntie.

(a) How would you describe Javed's attitude towards his parents?

..............................................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) What does Javed say about his parents? Give **two** details.

1 ..........................................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(c) In your opinion, what kind of people are Javed's parents? Give your answer with a reason.

..............................................................................................................................................

*(1 mark)*

**15** You are listening to a Radio Broadcast. The subject is 'Duty of a parent'.

(a) According to the broadcast, what are the **three** advantages of having an educated mother.

1 ..........................................................................................................................................

2 ..........................................................................................................................................

3 ..........................................................................................................................................

*(3 marks)*

(b) What are good citizens regarded as?

..............................................................................................................................................

*(1 mark)*

**END OF TEST**

*8*

LEAVE
MARGIN
BLANK

**THERE ARE NO QUESTIONS PRINTED ON THIS PAGE**

**THERE ARE NO QUESTIONS PRINTED ON THIS PAGE**

Copyright © 2004 AQA and its licensors. All rights reserved.

# FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

General Certificate of Secondary Education
June 2004

**URDU** **3646/LH/T**
**Listening Test Transcript**
**Higher Tier**

## FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

Wednesday 26 May 2004 1.30 pm to 2.15 pm approximately (including reading time)

Time allowed: 40 minutes approximately + five minutes reading time before the test

This is what you should do for each item.
- Read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- Your teacher will pause the tape when you hear the tone, after the second hearing of each item, to give you time to write. You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu.**
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **There must be no questions or interruptions during the test.**
- **The test starts now.**

## حصّہ (الف): سوالات اور جوابات اردو میں

۱: (i) آپ ان سے ملیے ۔ یہ میرے ماموں جان ہیں اور سعودی عرب میں رہتے ہیں ۔

(ii) یہ میرے بہنوئی ہیں اور کل امریکہ واپس جا رہے ہیں ۔

(iii) اور یہ میری پیاری سی ننّھی منّی بھتیجی نوری ہے ۔

۲: **کلرک:** میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟

**خاتون:** مجھے پشاور کے لیے دوسرے درجے کے تین واپسی ٹکٹ چاہییں ۔

**کلرک:** آپ کس دن سفر کرنا چاہتی ہیں؟

**خاتون:** پیر کے دن یعنی کہ پرسوں ۔ ریل گاڑی کتنے بجے روانہ ہوگی ۔

**کلرک:** دو بجے

۳: پاکستانی بین الاقوامی ائیر لائینز کی پرواز پی ۔ کے ۷۰۴ (PK 704) موسم کی خرابی کی وجہ سے اب شام چار بجے کے بجائے رات پونے آٹھ بجے روانہ ہوگی ۔ مسافروں سے گزارش ہے کہ وہ روانگی کے لاؤنج میں بیٹھے رہیں ۔ شکریہ

۴: **مثال:** میرا نام بانو ہے ۔ میں ایک کارخانے میں کام کرتی ہوں ۔

(i) میں منصور ہوں ۔ میں صبح سویرے اٹھتا ہوں اور لوگوں کے گھروں میں ان کے پسندیدہ اخبار پہنچاتا ہوں ۔

(ii) مجھے عامرہ کہتے ہیں ۔ میں ہفتے کے دن ایک پھولوں کی دکان میں کام کرتی ہوں ۔ شادی بیاہ کے موقعوں پر بہت مصروف رہتی ہوں ۔

(iii) میں وحید ہوں ۔ میں بوڑھے اور ضعیف لوگوں کے گھروں میں رنگ و روغن کرتا ہوں ۔

(iv) میرا نام روحی ہے ۔ میں ایک اسکول میں کام کرتی ہوں ۔ وہاں کے بچوں اور بڑوں کے کھانے پینے کا انتظام کرتی ہوں ۔

۵: ھناء کی شاندار کامیابی کی خوشی میں اس کے والدین نے ایک نہایت پُر تکلّف دعوت کا انتظام کیا جس میں تقریباً پچاس لوگ بلائے گئے۔ جن میں اس کے ہم جماعتوں کے علاوہ اس کے کئی اساتذہ بھی موجود تھے۔

۶: برائے مہربانی توجہ فرمائیں! آپ سے گزارش ہے کہ آپ تمبا کونوشی سے پرہیز کریں۔ شکریہ

اور آج ہم ایک خیراتی ادارے کے لیے چندہ جمع کر رہے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ بھی اس میں دل کھول کر چندہ دیں۔

۷: **خبریں:**

ترکی میں زلزلے کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں لوگ ہلاک ہوگئے اور سینکڑوں عمارتیں تباہ ہوگئیں۔

۸: دوسری خبر یہ ہے۔ قاہرہ کے پاکستانی سفارت خانے میں ۱۴ اگست کا دن پُر جوش طریقے سے منایا گیا۔ اس موقع پر بچوں نے قومی ترانے پیش کیے۔

۹: صوبہ سندھ میں پانی کی زیادتی کی وجہ سے سیلاب کا خطرہ۔

۱۰: میں نے اپنی چھٹیاں کراچی میں گزاریں۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا صنعتی شہر ہے۔ اس لیے ملک کے کونے کونے سے لوگ روزگار کی تلاش میں یہاں آتے ہیں۔ کراچی چونکہ ساحل کے قریب واقع ہے اس لیے یہاں کا موسم اکثر معتدل رہتا ہے۔

۱۱: **(مثال) ماجد**۔ مجھے آرٹ کا مضمون بہت پسند ہے۔ ایک تو یہ مجھے آسان لگتا ہے دوسرے میرے استاد بہت اچھے ہیں۔

**پہلا حصّہ: ہُما**۔ اس سال میرا ٹائم ٹیبل اتنا اچھا نہیں۔ ریاضی کا سبق تقریباً ہر روز ہوتا ہے۔ مجھے اس مضمون سے نفرت ہے کیونکہ میں حساب میں بہت کمزور ہوں۔

**دوسرا حصّہ: معراج**۔ میرے ایک ہفتے میں سائنس کے کئی سبق ہوتے ہیں اور ہمیں گھر کا کام بھی بہت ملتا ہے۔ میرے لیے ہوم ورک کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ مستقبل میں میں دندان ساز بننا چاہتا ہوں۔

۱۲: سُنیے۔ آپ یہ قمیض گھر لے جائیں اور اسے پہن کر دیکھیں۔ اگر پسند نہ آئے تو واپس لے آئیں۔ لیکن رسید سنبھال کر رکھیں کیونکہ ہم بغیر رسید کے کوئی چیز تبدیل نہیں کرتے اور رقم بھی نہیں لوٹاتے۔

۱۳: میرا سفر تو بہت تکلیف دہ رہا۔ ایسا لگ رہا ہے جیسے میرا جسم اکڑ گیا ہو۔ بیٹھنے کی جگہ اگر کشادہ اور آرام دہ ہو تو سفر کا لطف بھی آتا ہے۔

## Section B Questions and answers in English

۱۴: جاوید تم کس سے باتیں کررہے ہو؟

**جاوید:** جی میں اپنے والدین سے۔

**خالہ:** اتنی بدتمیزی اور گستاخی کے ساتھ! توبہ توبہ مجھے تو یہ سن کر بہت دکھ ہوا ہے۔ بیٹے ذرا سوچو تو یہ تمہارے ماں باپ ہیں جنہوں نے تمہیں پالا پوسا اور چھوٹے سے بڑا کیا۔ وہ تمہاری عزّت کے مستحق ہیں۔

**جاوید:** لیکن خالہ جان میں ان کی شفقت اور محبت سے ہمیشہ محروم رہا۔

**خالہ:** کیا مطلب میں سمجھی نہیں!

**جاوید:** جب میں چھوٹا تھا تو وہ مجھے بچّوں کی دیکھ بھال کرنے والی ایک عورت کے پاس چھوڑ کر اپنے اپنے کام پر چلے جاتے تھے۔ انہیں مجھ سے زیادہ پیسے سے پیار تھا۔

۱۵: والدین کا یہ اوّلین فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کی پرورش شروع ہی سے اچھّی طرح کریں۔ کہا جاتا ہے ماں کی گود بچّے کی تعلیم کا پہلا گہوارہ ہوتی ہے۔ اس لیے والدہ کا تعلیم یافتہ ہونا بے حد ضروری ہے کیونکہ پھر وہ اپنے بچّوں کو اچھّی دینی اور اخلاقی تربیت دے سکے گی۔ اچھّے بچے بڑے ہوکر اچھّے شہری بنتے ہیں اور اپنے ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ملک کی ترقّی کا انحصار ان ہی کے کندھوں پر ہوتا ہے۔

**END OF TEST**

Copyright © 2004 AQA and its licensors. All rights reserved.